MUSLIM YOUTH IN THE WEST	از جناب خرم جاہ مراد - ناشر: اسلامک فاؤنڈیشن - ۲۲۳ - لندن روڈ، لائسسٹر - LE2 1ZE U.K قیمت نامعلوم -

اس خوشنما طباعت سے آراستہ انگریزی پمفلٹ میں بہت بڑے مسئلے پر گفتگو کی گئی ہے کہ مغربی ممالک میں نوجوان نسلوں کی تعلیم کی کیا شکل اختیار کی جائے کہ لادینی نظام حیات اور مخالف اسلام ماحول کے زیر اثر رہنے والے ہمارے نوجوان بچے بچیاں کس طرح ایمانی، اخلاقی اور تہذیبی تباہی سے بچ سکتے ہیں - مراد صاحب محض "بچاؤ" کے بجائے غلط کلچر کے سمندر میں اسلامی کلچر کے جزیرے ابھارنا چاہتے ہیں جو پھیلتے چلے جائیں۔ یعنی مسلمانوں کو اپنی پوری کمیونٹی لائف کو ہر پہلو سے از سر نو تعمیر کرنا ہوگا -

سنتِ رسولؐ کیا ہے اور کیا نہیں ہے	از جناب محمد عاصم الحداد (مصنف و ناشر) - واحد تقسیم کار - اسلامک پبلشنگ ہاؤس - ۲ - شیش محل روڈ - لاہور - صفحات ۹۷، سرورق سادہ - قیمت درج نہیں

برادرم محمد عاصم الحداد مولینا مسعود عالمؒ (دارالعروبہ) کے خاص تربیت یافتہ ہیں اور ان کی ذات عربیت و سلفیت کا سنگم ہے - پہلے وہ فقہ السنہ کی کتاب لکھ چکے ہیں۔ مولانا مودودیؒ کے سفرنامہ ارض القرآن کے بھی مرتب وہی ہیں - وہ جب سے سعودی عرب سے آئے ہیں، برابر امید لگی رہی کہ یہاں نیا دور شروع کرتے ہوئے کب اس درخت فضیلت کا کوئی ثمر سامنے آتا ہے - سو خوشی کی بات ہے کہ انہوں نے سنتِ رسولؐ کے موضوع پر محبانِ دین کو روشنی بہم پہنچانے کا سامان کیا - باب ۱ تا ۶ میں سنت اور حدیث کی تعریف سے لے کر حدیث کی اقسام (صحیح، حسن، ضعیف) اور پھر ان کی متفرعات کا بیان ہے - بہت مفید اور ضروری - باب ہشتم میں صحت و شہرت کے لحاظ سے کتب حدیث کی درجہ بدرجہ فہرست دی گئی ہے - ساتواں باب زیادہ اہمیت رکھتا ہے - اس کے حصہ ۱ میں یہ بتایا گیا ہے کہ حنفیہ اور مالکیہ بعض صحیح احادیث کو رد کرنے کے لیے (مطابق بہ نظریۂ مؤلف) کن اصول کو ذریعہ بناتے ہیں - حصہ ۲ میں ضعیف احادیث کو صحیح قرار دینے کے لیے (مطابق بہ استدلال مولف) حنفی علماء کے اختیار کردہ تازہ اصول کیا ہیں -

اول تو یوں بھی کتابوں کے مندرجات کی تفصیل میں جانا ممکن نہیں ہوتا - پھر خالص علمی و تحقیقی بحثیں اور پیش کرنے والی شخصیت صاحب فضیلت - لہٰذا بحثوں سے میں کوئی تعرض نہیں کر رہا - مجموعی طور پر بہت مفید پاتا ہوں - البتہ میرا ذہن اس بات کو قبول نہیں کر سکا کہ سلفیت کے مقام سے آخر حنفیت پر بحث کرنا کیوں ضروری ہے - جبکہ اس طرح کی بحثا بحثی مدتوں سے ہو رہی ہے لہٰذا اس کا نتیجہ آپس کی دوری ہے - میرا خیال یہ ہے کہ ایک